چمنستان

ظفر علی خاں

پبلشرز یونائیٹڈ، چوک انارکلی لاہور

بار اول ———— ۲۰۰۰

قیمت ———— پانچ روپے

۱۹۴۴ء

شیخ محمد نصیر ہمایوں سکرٹری پرنٹرز و پبلشرز نے مرکنٹائل پریس لاہور میں
چھپوا کر پبلشرز یونائیٹڈ لاہور سے شائع کی۔

(۱۲۰)

مولانا ابوالکلام آزاد

اور

آل انڈیا مسلم لیگ

مولانا ابوالکلام آزاد نے حلقہ بجنور کے مسلمانوں کے نام ایک پیغام حافظ محمد ابراہیم کی حمایت میں شائع کیا جس کا مضمون یہ تھا کہ مسلم لیگ والے سب کے سب ارباب غرض اور رجعت پسند ہیں لہٰذا ووٹ مولوی عبد السمیع کی بجائے جنہیں کونسل کی رکنیت کے لئے مسلم لیگ نے نامزد کیا ہے کانگرسی امیدوار حافظ ابراہیم کو ملنے چاہئیں۔ اس مضمون کا ایک اشتہار قصبہ کرتپور کی دیواروں پر چسپاں دیکھ کر اشعار ذیل سپرد قلم کئے گئے :۔

بوالکلام آزاد سے یہ پوچھتے ہیں دل جلے ۔۔۔ آج کل تم پیشوائے اُمّتِ مرحوم ہو
کیا خطا کوئی بھی سرزد تم سے ہو سکتی نہیں ۔۔۔ تم بھی کیا پاپائے روما کی طرح معصوم ہو
نہرو و گاندھی کے دل کا حال تم جانو اگر ۔۔۔ پھر ذرا تم کو بھی قدرِ عافیت معلوم ہو

کٹ کے اپنوں سے ملے ہو جا کے تم اغیار سے — پھر یہ کہتے ہو کہ ہم ظالم ہیں تم مظلوم ہو

ہم مسلماں ہیں جو ہیں اوجِ سعادت کے ہما — آئیں اُس کے سایہ میں ہم کس طرح جو بوم ہو

تم یہ کہتے ہو کہ مسلم لیگ ہی رجعت پسند — تم کہاں کے ہٹلرِ وقت اے مرے مخدوم ہو

کیا تماشا ہے کہ نہرو ہو ہمارا ترجماں — اور غلامی کفر کی اسلام کا مفہوم ہو

کیا تماشا ہی کہ ہم گاندھی کے آگے سر جھکائیں — کیا قیامت ہی کہ جو حاکم ہے وہ محکوم ہو

اے خدا راہِ ہدایت اُس مسلماں کو دکھا — غیرتِ اسلام کی دولت سے جو محروم ہو

وقت آپہنچا کہ ہو اسلام کا جھنڈا بلند — اور یہ نظمِ زندگی بارِ دگر منظوم ہو

وقت آپہنچا کہ "یا گاندھی" پکارے کانگرس — نعرہ مسلم لیگ کا "یا حیّ یا قیّوم" ہو

وقت آپہنچا کہ ملّت کے مٹیں سب اختلاف
اور ہمارے نام کی ہندوستاں میں دھوم ہو

کرت پور (یو۔پی)

۲۳۔ اکتوبر ۱۹۳۷ء

(۱۲۷)

کانگرسی دُولھا اور احراری دُلہن

ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کی انتخابی آویزشوں میں مجلس احرار پوری سرگرمی سے کانگریس کا پروپیگنڈا کرتی رہی۔ بعض موقعوں پر اس مجلس کی سرگرمیوں کی نوعیت بہت ہی صبر آزما ہو جاتی تھی۔ اشعار ذیل ایسے ہی ایک موقع پر بر سبیل اضطرار زبان سے نکل گئے:۔

با دا تھے مسلمان تو بیٹے تھے مجوسی
پوتے جو ہیں احرار وہ کہلائے فلوسی

مل جائے جہاں چندہ وہی ہے وطن ان کا
ہندی ہیں نہ مصری ہیں نہ چینی ہیں نہ رُوسی

جو بوند مرے خوں کی مہاجن سے بچی تھی
پنجاب کے احرارِ ستم پیشہ نے چُوسی

نہرو جو ہے دُولھا تو دُلہن مجلسِ احرار
ہو پیرِ بخاری کو مبارک یہ عُروسی

حُقّہ نے بنایا مجھے دو کش میں محقّق
اور فلسفہ چھانٹا کئے دوانی و طُوسی

امروہہ - ۳۰ - دسمبر ۱۹۳۷ء

پینا بالکل چھوڑ دیا ہے کیونکہ اُن کے دوست سکھ جس طرح مسجد شہید گنج کا نام سُن کر حواس باختہ ہو جاتے ہیں ؎ اُسی طرح وہ بھی حُقّہ کا نام آتے ہی چراغ پا ہو جاتے ہیں۔ غالباً اسی وجہ سے چودھری افضل حق نے جو احراری ٹولی کے نفسِ ناطقہ ہیں پچھلے دنوں حقّہ کی مخالفت میں ہنگامہ انگیز مضامین لکھے تھے۔ ایک دوسرے صاحب نے فرمایا کہ احرار کے متعلق ایک شعر ضرور ہونا چاہیئے۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ احرار کی شریعت کے امیر مولانا سیّد عطاء اللہ بخاری نے امروہہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ جو لوگ مسلم لیگ کو ووٹ دیں گے۔ وہ سؤر ہیں اور سؤر کھانے والے ہیں او کما قال۔ پھر میرٹھ میں مولوی حبیب الرحمٰن لدھیانوی صدر مجلس احرار اس قدر جوش میں آئے کہ دانت پیستے جاتے تھے غصّہ میں آ کر ہونٹ چباتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ دس ہزار جینا اور شوکت اور ظفر جواہر لال نہرو کی جوتی کی نوک پر قربان کئے جا سکتے ہیں۔ اس پر مَیں نے یاروں کی فرمائش یوں پوری کی:-

کیا کہوں آپ سے ہیں کیا احرار
کوئی لُچّا ہے اور کوئی لُقّہ

دھان پور میں ایک اور لطیفہ ہوا۔ ابھی چاء پینے سے فراغت نہ ملی تھی کہ مولانا شوکت علی کو جو اس دورہ میں میرے رفیق طریق تھے پیشاب کی حاجت ہوئی۔ جب وہ ادب خانہ سے مست ہاتھی کی طرح جھومتے جھامتے نکلے تو یارانِ سرِ پل نے کہا کچھ اس پر بھی۔ مَیں نے فی البدیہہ یہ قطعہ عرض کیا:-

دھان پور آئے جناب حضرت شوکت علی
ہاتھ رکھے قبضۂ شمشیر جوہر دار پر